صح ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

الحمد للہ والمنۃ

الموسوم بہ

کہ درین زمان فرخندہ آوان کتاب لاجواب مفید پیر و شباب

طبع چشمہ

حسب فرمائش

پرنٹر پریس شیر از نوری

۱۳۴۸ھ

حاجی چراغ الدین سراج الدین تاجران کتب

بازار کشمیری لاہور

فی زمانہ پریس لاہور میں باہتمام میاں منظور الزمان پرنٹر کے چھپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلے ہے حمد خداوند جہان ✤ جس سے پیدا ہے زمین و آسمان ✤ نعت رسول پاک ہے
جسکے حق میں آیۂ لولاک ہے ✤ بندہ احقر العباد رام پرشاد متخلص بہ عاقل ولد شیو پرشاد
قوم کھتری ساکن پنجاب حال مقیم شہر لکھنؤ خدمت ارباب سخن و کاملین فن میں عرض پرداز ہے
کہ بندہ کو ابتدائے بلوغ سے عملیات و طلسمات وغیرہ کا شوق کامل رہا۔ اور اس فن
کے اُستادوں کی خدمت میں نیاز حاصل رہا حسب تقاضائے منشی شنکر داس صاحب فرحت
پوتھی ایکاونتی مہاتم میں نے نظم کے بعدہٗ دو رسالہ کہ موسوم بہ بحر طلسم و دریائے طلسم فن عملیات
و طلسمات وغیرہ میں قلمبند کئے چنانچہ دونو چھپکر مطبوع خاص و عام ہوئے ان دنوں ایک صاحب
باکمال خجستہ خصال برگزیدہ کومنن لالہ کنور سین صاحب تخلص عاقل ولد لالہ رام سہائے قوم کایستھ
سکنہ ساکن قصبہ ملانوہ حال وارد لکھنؤ محلہ محبوب گنج نے بارہا اصرار کیا اور فرمایا کہ
کوئی کتاب بطرز مختصر ایسی لکھو کہ عوام کو پسند آئے اور دنیا میں یادگار ہو جائے کیونکہ
زندگی کا کچھ اعتبار نہیں موت ہر وقت انسان کے سر پر کھڑی رہتی ہے آدمی کو چاہیئے کہ
آج کا کام کل پر نہ چھوڑے چنانچہ بے ثباتی جہان کی ثبوت میں لالہ صاحب موصوف نے
ایک غزل اپنی تصنیف بھی ارشاد فرمائی غزل یہ زمانہ سراسر فانی ہے ✤ نقش بر آب زندگانی ہے

ایک دن جوشِ حسن در روز شباب ؛ خواب ہے قصہ ہے کہانی ہے ؛ قالب آدمی پہ غلبۂ ضعف ؛ آمدِ موت کی نشانی ہے ؛ ملک الموت جب آپہونچا ؛ رائیگاں لطف نوجوانی ہے ؛ آیا ہے کل مَن علیہا فان ؛ ذات معبود جاودانی ہے ؛ جسم کا کچھ نہ پوچھئے احوال ؛ آگ مٹی ہے اور پانی ہے ؛ کرلے کچھ نیک کام اے عاقل ؛ موت اک دن ضرور آنی ہے ؛ غرضیکہ جب تقاضائے مکرر کررہے مجبور ہوا تو چار اون مرد بزرگ کی خاطر سے یہہ رسالہ قلمبند کیا اور دس باب پر منقسم کرکے چشمۂ طلسم نام رکھا اس فن کے کاملین سے امید ہے کہ جہاں خطا پائیں وا ان بخشش سے چھپائیں ۔ **مصرع**

میں انسان ہوں کچھ فرشتہ نہیں ۔

باب اوّل عجائبات میں اسمیں شرہ فصلیں ہیں

فصل اوّل نظر باندھنے میں فصل دوم آواز دہل باندھنا فصل سوم دشمن کے ہتھیار باندھنا فصل چہارم ہتھیار ٹوٹنے کی حفاظت فصل پنجم نقارہ بنانیمیں جسکی آواز دشمن سنکر بھاگے فصل ششم دشمن کی عقل باندھنا فصل ہفتم زبان باندھنا فصل ہشتم دشمن کو تپ میں مبتلا کرنا فصل نہم آگ باندھنا فصل دہم طعام پک نہ سکے فصل یازدہم آگ کھانا اور منھ نہ جل جانا فصل دوازدہم روشن آتش کو بجھانا فصل سیزدہم روغن گرم میں ہاتھ ڈالنا اور نہ جلنا فصل چہاردہم زہر اثر نہ کرنا فصل پانزدہم پانی میں ڈوبنا فصل شانزدہم حفاظت آب منی فصل ہفتدہم چوکی سُرنی میں چبک جائے ۔

باب دوم بسی کرا اسمیں چھ فصلیں ہیں

فصل اول عوام کو مطیع کرنا فصل دوم مرد عورت کو مطیع کرے فصل سوم عورت مرد کو مطیع کرے فصل چہارم ہاتھی کو مطیع کرنا فصل پنجم کسی شخص کو جبرا گھر سے بلا لینا فصل ششم عورت کو برہنہ کردینا ۔

باب سوم قوت باہ وامساک وغیرہ میں جسمیں دس فصلیں ہیں 13

فصل اول قوت باہ وامساک فصل دوم درازی عضو مرد فصل سوم عورت پہلے انزال کرے
فصل چہارم تنگی عضو زن کی ترکیب فصل پنجم فرج باندھنے کی ترکیب فصل ششم بانجھ عورت
کا علاج فصل ہفتم دردزہ کا علاج فصل ہشتم ورم منع اسقاط حمل فصل نہم ادن ادویات
کے بیان میں کہ خون حیض کا بند ہو جائے فصل دہم خون جاری ہونا

باب چہارم خضاب وغیرہ کی ترکیب اسمیں پانچ فصلیں ہیں 16

فصل اول خضاب کے بیان میں فصل دوم بال بڑھانیکی ترکیب فصل سوم بال پیدا کرنیکی
ترکیب فصل چہارم بال دور کرنے کی ترکیب فصل پنجم بال سفید کرنے کی ترکیب

باب پنجم صفائی ظرفات کے بیان میں جسمیں تین فصلیں ہیں 17

فصل اول صفائی ہرتال فصل دوم صفائی کسیس فصل سوم صفائی ہتھیار

باب ششم جانوران موذی کے دور کرنے میں جسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اول چوہوں کے دور کرنیمیں فصل دوم کھٹمل دور کرنیمیں فصل سوم مچھر کھٹمل وسانپ وبچھو دور کرنیمیں

باب ہفتم طلسمات وشعبدات کے کرنیکے بیان میں اسمیں پندرہ فصلیں ہیں 18

فصل اول کپڑا آگ میں نہ جلے فصل دوم آگ سر پر رکھے اور سر نہ جلے فصل سوم ہاتھ آگ
میں نہ جلے وفصل چہارم درخت کے پتوں سے آگ نمودار ہو فصل پنجم گولی کا پانی میں چلنا فصل ششم
پانی سے چراغ روشن کرنا فصل ہفتم گولہ مثل بتی کے جلے فصل ہشتم روغن کڑاہی میں
گرم نہو فصل نہم کپڑا پانی میں تر نہو فصل دہم پانی نہانے میں نظر نہ آوے فصل یازدہم
پتھر جا لینا فصل دوازدہم مردہ مچھلی کا جلانا فصل سیزدہم کچا برتن نہ ٹوٹے

فصل چہاردہم عورتوں کے پانی کا گھڑا ٹوٹ جائے فصل پانزدہم ناریل کا ٹوٹنا۔

باب ہشتم غائب ہونیکے بیان میں جسمیں دو فصلیں ہیں 20

فصل اول نظر سے غائب ہونا فصل دوم پستان زن غائب کرنیکے بیان میں

باب نہم اسمیں کہ انسان مختلف شکلوں میں نظر آئے جسمیں پانچ فصلیں ہیں

فصل اول انسان بلی کی صورت نظر پڑے۔ فصل دوم انسان گیدڑ کی صورت نظر پڑے فصل سوم انسان بشکل گاؤمیش نظر آوے۔ فصل چہارم انسان بندر کی صورت نظر آئے۔ فصل پنجم انسان کتے کی صورت نظر پڑے۔

باب دہم بغض و عداوت کے بیان میں اس باب میں چار فصلیں ہیں فصل اوّل

قاعدۂ علوی فصل دوم منتر فصل سوم جنتر فصل چہارم قاعدۂ شیطانی۔

باب اول عجائبات میں اسمیں سترہ فصلیں ہیں

فصل اوّل نظر باندھنے میں۔ قاعدہ یہ ہے کہ جس کام میں انسان کو کوشش کرے اوّل اپنی حفاظت کی تدبیر کرکے عمل میں لاوے کہ مطلوب ہاتھ آئے اور آپ بھی محفوظ رہے اول چوب انکول کو گھس کر آنکھ میں لگاوے اور اوسکو جلاکر اوسکا دھواں اپنے بدن پر لے بعدۂ اتوار کو انکول کی لکڑی پر منتر پڑھکر لاوے اور ایک مقام صاف میں اسی منتر سے دھوپ دیپ دے منتر یہ ہے اومنہ بھگوتی باسکی ناگ راجا ے کوپ کندبی جلبا سنی ناگنے سواہا۔ اس منتر اور لکڑی سے نظر بند ہوجائے ایضاً چوب کرنج یا انکول یا تال کنول کو یہ منتر پڑھکر سوت خام سے لپیٹے اور اوسپر دم کرے لیکن سوت کنواری لڑکی کا کاتا ہوا ہو۔ اومنہ نکی جامیڈی ٹھ ٹھ سواہا۔ بعد ازاں جواس لکڑی کو دیکھے اوسکی نظر بند ہوجائے ایضاً اول اس منتر کو یکصد بست بار اپنے اوپر دم کرے یا پانی پر پڑھکر اپنے بدن پر چھوڑے یا خاکستر پر پڑھکر قشقہ لگائے تو بدن محفوظ رہے منتر یہ ہے ؟ اونگ بالی دل سواہا۔ بعدازاں بوٹی جلونتی جوکہ موسم برسات میں پہاڑوں پر اوگتی ہے اور برگ زقوم کہ جسکو ٹھوہڑ کہتے ہیں ان دونوں چیزوں کو وہی منتر پڑھکر لاوے یعنے اومنہ بھگوتی پھر اون دونوں چیزوں کو بول میش میں پیسکر حب بنائے اور وہی منتر افسون کرکے سایہ میں خشک کرے جسوقت اوسکو

اوسکو سر انگشتان پر طلا کرے جو چیز چاہے نمود ہو مثلاً اگر کہے کہ خربزہ یا انبہ یا جس میوہ کا نام لے حاضر ہو جائے **ایضاً** اگر اوسی گولی کو گھسکر جب زقوم پر کہ اوسکا پوست دور کیا ہو طلا کرے جن و بھوت وغیرہ نظر آویں **ایضاً** اگر اسی چوب زقوم پر کہ جسپر اشیائے مذکورہ بالا طلا کیا ہے کنواری لڑکی کا سوت کاتا ہوا لپیٹ دے پارچہ اور تھان نظر آویں **ایضاً** غائط خرگوش برگ زقوم چوب آنکول بوٹی ہر سو ہنی جو موسم گرما میں جنگل میں اوگتی ہے سب کو یکجا کرکے بول میش میں پیسے اور منتر سابق سے حب بنا کر سایہ میں خشک کرے اور حفظ بدن بدستور منتر صدر سے کرلے یہ گولی گھسکر مانند حنا اپنی انگلیوں پر لگاوے جو کچھ کہے اور لوگوں کو دکھاوے ظہور میں آوے **ایضاً** اگر اس گولی کو چہرہ پر طلا کرے وہ شخص بے سر نظر آوے **ایضاً** اگر برگ تنبول اور ترنج یکجا کرکے اسے گولی کے ساتھ بدن پر طلا کرے بدشکل نظر پڑے **ایضاً** اگر چوب آنکول پر یہ گولی طلا کرکے چوب کو بلند کرے ایسا معلوم پڑے کہ یہ شخص زمین سے بلند ہے اور اگر اوسکو اوندھا کرے تو آدمی سرنگون معلوم پڑے **ایضاً** اگر برگ لہیوی پر طلا کرے بچھو نظر آویں **ایضاً** اگر مرغ یا طاؤس کے پر پر طلا کرے ہزارہا مرغ و طاؤس نظر آویں **ایضاً** اگر غلہ پر طلا کرے اپنے ہاتھ میں لے ہر دانہ جواہر و موتی دکھلائے دے **ایضاً** اگر اسی غلہ کو جسپر طلا کیا ہے زمین میں بودے اور پانی دے پھل پیدا ہوں **ایضاً** اگر تخم کرنج کو اسی حب سے طلا کرکے منہ میں رکھے شکم پر آب دکھلائی دے اور پانی منہ سے نکلے **ایضاً** اگر اپنی بینی اور ہاتھ پر طلا کرے نظر سے غائب ہو **ایضاً** اگر تمام بدن پر طلا کرے تمام اعضا شکستہ نظر پڑیں جب دھو ڈالے سب خیال و خواب ہو جائے **ایضاً** انگور شاخ بیخ کیلہ آملہ سال برنی تال گودنتی کو ہموزن لیکر بول بیش میں ملا کر بدستور سابق اوسی طریق سے حب باندھے اور منتر اکیس بار پڑھکر سایہ میں خشک کرے بعد ازاں گھسکر جس پرند پر لگا دے بیل معلوم ہو **ایضاً**

اگر سرشف اور انکول گھسکر تمام بدن پر طلا کرے پیر معلوم ہو **ایضاً** اگر اوسی گولی کو تخم دھتورہ اور شیر گوسفند میں ملا کر انگشت پر طلا کرے ہرگز انگشت نظر نہ آوے اور جب دھوڈالو سب خواب و خیال ہو جائے **ایضاً** شاخ انگور ہرتال گودنتی شنگرف پوست بیضۂ مرغ سُرخ سمندر پھین غائط گربہ استخوان ابنہ سبکو اس منتر سے یعنے اوم نمو چنڈالی دیو پکلی سواہا اکیس بار پڑھکر سایہ میں خشک کرے اور اکیس بار یہی منتر سابق سے پڑھکر اگر انگشت پر طلا کرے اور آدمی کو دکھلاوے زن و مرد یکجا نظر آویں **فصل دوم** آوار دہل باندھنا جس جگہہ بازی گر رقص کرتا ہو اور ڈھول بجاتا ہو اپنے بائیں پانوں کا جوتا اوتار کر اوندھا کر کے اوس کے پاس کھڑا ہو اور بوٹی لاجونتی سیاہ رنگ اپنے منھ میں رکھے ڈھول نہ بج سکیگا **فصل سوم** دشمن کے ہتھیار باندھنا بیخ کٹکی کو سر میں رکھے اور بیخ درخت تار کو سرمہ کے مانند آنکھ میں لگاوے اور بوٹی مدر باتی جو رمیں پراوگتی ہے اور توڑنے سے برابر نہیں ٹوٹتی اور ذائقہ میں تلخ ہے منھ میں رکھے کھجور کے بیخ کو ہاتھ پانوں پر طلا کرے دشمن کا ہتھیار کارگر نہو گا **ایضاً** کٹکی بیخ تاڑ کھجور بیخ بوٹی مدہ جانے کو کوٹ چھانکر روغن مادہ گاؤ میں ملا کر کھائے کبھی دشمن کا ہتھیار اوسپر کارگر نہو گا **ایضاً** اتوار کو بکھ پنچھتر ہو بیخ سرس کو پانی میں گھسکر نصف طعام کھانیکے بعد کھائے اسی طرح ہر بکھ پنچھتر میں کیا کرے کسیکا ہتھیار اوسپر کارگر نہو گا **ایضاً** اتوار کو بکھ پنچھتر میں سرس گوسفند کے گلو میں باندھے دشمن کا ہتھیار اوسکو کارگر نہو گا **ایضاً** گل منڈی یا دُدّھی ایک خرہرہ میں ڈالے اور قدرے سیماب بھی اوسمیں رکھے اور اوس خرہرہ کو آئینہ یا شیشہ پر رکھکر ہاتھ میں رکھے ہتھیار کارگر نہو گا **ایضاً** اگر وقت کسوف آفتاب میں بیخ سرھو کا بیخ مدہ ماتی منھ میں رکھے اور خاموش رہے اور گوگل کی دھوپ دے کسیکا ہتھیار اثر نہ کریگا لیکن منتر اکیسو آٹھ بار پڑھے اور شمال رویہ منھ کو رکھے۔

منتر یہ ہے اہو مکبھ کرن ہمارا کیس کیکے کرنہہ سمبوتم برستم بھجن ہمارا پربھو سرہان رو در جاتی
سواہا **ایضاً** موے گوسفند لیکر اوسکو بطور سوت کے بنائے اور سات بار اوسی منتر کو
پڑھکر اوس میں سات گرہ لگائے اور بطور کنگن داہنے ہاتھ میں پہنے دشمن پر غالب ہو **ایضاً**
دختر ناکتخدا کا کاتا ہوا سوت ایک سو آٹھ تار موافق اپنی کمر کے لے اور منتر مرقومہ سے
ایک سو آٹھ گرہ دیکر کمر میں باندھے لڑائی میں مظفر و منصور ہو **ایضاً** سب کاموں کے لیئے
مفید ہے ہر اتوار کو تومی پکھ پنچھتر ہو کنیر کی چوب سے منجملہ ان ادویات کے کہ لکھی جاتی ہیں زمین
کھود کر ایک کو اپنے پاس کمر میں یا سر میں رکھے فایدہ بہت بخشے اور لڑائی میں فتح پالے منتر یہ ہے
مھ ڈنڈی سہدیوی مارا ہی سانٹھی رتل کٹائی سفید مرنکی کھچوری سو پار ناریل بوٹی مدہ ماتی
ایضاً چوب کنیر سے کھود کر لاوے اور سرمہ ساکر کے بدن پر طلا کرے جنگ میں جاے زخمی نہو اور
اوسپر ہتھیار کارگر نہو **ایضاً** اگر اوہی پنچھتر میں منتر کر صد بیج کھجور لاکر منہہ میں رکھے اور بیج کنکی
کمر میں اور بیج مارڑ بازو میں باندھے کسیکا ہتھیار کارگر نہوگا **فصل چہارم** ہتھیار کی حفاظت
عرق مدہ ماتی کو ہتھیار پر ملے لڑائی میں ہتھیار ہرگز نہ ٹوٹے گا **فصل پنجم** نقارہ بنانے میں
جسکی آواز سنکر دشمن بھاگے نقرہ طلا آہن ہر یک یک حصہ بوزن برابر اور مس بارہ حصہ لیکر
اتوار پکھ پنچھتر میں نقارہ بنائے اور عرق مدہ ماتی اوسپر مل کر لڑائی میں بجائے دشمن
سنکر بھاگ جائے **ایضاً** دھتورہ سرخ و سیاہ بیج کیلہ روغن آنکول مرگھٹ
کی خاک برگ کونچ سب کو پیسکر نقارہ پر ملے آواز سنکر دشمن کی فوج بھاگ جائے
فصل ششم دشمن کی عقل باندھنا بھنگرا سہدیوی سیاہ پھول کی تج سفید وزن برابر
لوہے کے برتن میں رکھکر بعد دو روز کے اوسکا قشقہ کھینچے اور دشمن کے سامنے
جائے وہ کچھ نہ کر سکیگا **فصل ہفتم** زبان باندھنا پکھ پنچھتر میں کوہی مور سکھا لاوے
کوہی منہہ میں رکھے اور مور کو سر پر رکھے زبان دشمن کی بند ہو جائے **فصل ششم**
دشمن کو تپ میں مبتلا کرنا اتوار کو بیج اندرمانی لاوے زنجبیل فلفل شامل کرکے گوسفند سیاہ کے

شیر میں گولی بنائے جسکے سر پر ڈالے تپ شدید میں مبتلا ہو جب کانجی میں غسل کرے صحت پائے
فصل نہم آگ باندھنا شیرۂ انکول و بیخ مورسکھا اور بھیڑ کی چربی ملا کر بدن پر طلا
کرے آگ میں چلا جائے اور اثر نہ کرے **ایضاً** بھنگرا و بیخ کیلہ و بیخ مورسکھا مینڈک کی چربی
گرم کرے پاؤں میں طلا کرے آگ میں چلا جائے جلے نہیں **فصل دہم** طعام پک نہ سکے درخت
سال کی لکڑی اور تلسی کی لکڑی اور بیخ مورسکھا کی لکڑی جلا کر کوئلہ بنا وے اور بول خر سے
بجھاوے اگر ایک کوئلہ چولھے میں رکھدو ہزار من لکڑی سے کھانا پک سکے **فصل یازدہم**
آگ کھانا منہ نہ جلنا فلفل۔ پیل۔ زنجبیل مورسکھا سب کو بار بار چباؤ اور آگ منہ میں رکھو
منہ نہ جلے گا **فصل دوازدہم** روشن آتش کو بجھانا اگر کہیں آگ لگے تو اس منتر کو سات
مرتبہ پانی پر پڑھکر آگ میں ڈالے فی الفور فرو ہو جائے **منتر** بہت ہماری لسوبری
مارسوی مرنام راکہ تسے موتری پوری کہا بھیان میں سمتہ مالی سوا ہا **فصل سیزدہم**
روغن گرم میں ہاتھ ڈالنا اور نہ جلنا اتوار کو بیخ سرس و مورسکھا پانی میں گھس کر ہاتھ پر
ٹیکا لگاوے ہاتھ روغن میں نہ جلے **ایضاً** بیخ تنگ۔ گولچین روغن زرد سکو ملا کر ہاتھ پر
ملے اور ٹیکا لگاوے ہاتھ روغن میں نہ جلے **ایضاً** برگ کنوار زمین قند دونو پیس کر ہاتھ
میں طلا کرے گرم لوہا ہاتھ پر رکھے اور نہ جلے **ایضاً** مینڈک کی چربی جو موسم گرما
میں پیدا ہو لاوے اور ہاتھ میں ملے آہن گرم سے ہاتھ نہ جلے **فصل چہاردہم**
زہر اثر نہ کرے۔ سرکین گوسالہ کہ تازہ پیدا ہوا ہو بشرطیکہ زمین پر نہ گرے ہاتھ میں لے
اور کھا جائے زہر اثر نہ کرے **ایضاً** بروز نوچندہ اتوار پکھ پنچھتر کو خون گوسفند حصنی
میں جو کہ ذبح کیا گیا ہو میتھی تر کرکے خشک کرے جب چاہے ایک کیاری کرکے دانہ بودے
اور رومال آب گرم سے تر کرکے اوس کیاری پر چھوڑ دے اوسیوقت میتھی پیدا ہو **فصل**
پانزدہم پانی میں نہ ڈوبنا اتوار کو پکھ پنچھتر میں بیخ مایا دنتی لاکر اس منتر او نگ الے اور سوا ہا
بنا کر منہ میں رکھے پانی میں جائے کچھ آسیب نہ پہونچے **فصل شانزدہم** حفاظت

آب سنی گربۂ سیاہ کے بال لاوے گوگل کی دھونی دیکر کمر میں باندھے جبتک نہ کھولیگا انزال نہوگا **ایضاً** اتوار کو بیخ دھتورہ سیاہ منتر صدر سے کہ اوسکے لئے ہے بکھ نچھتر میں تعویذ بنا کر دھوپ دیپ دیکر کمر میں باندھکر ناف پر رکھے انزال نہو جب اوسکو کمر کے نیچے ہٹاوے انزال ہو **ایضاً** دندان کودک شیر خوار اتوار بکھ نچھتر میں دھوپ دیپ دیکر کمر میں ناف کے آگے جب کمر کے نیچے ہٹاوے انزال ہو **ایضاً** بیخ ترل سفید کو کنواری لڑکی کے کاتے ہوئے سوت میں لپیٹ کر کمر میں باندھے جب کھول ڈالے انزال ہو **ایضاً** سینچر کو لاجونتی بیا کو بینوتہ دے آوے اتوار کو صبح گوگل کی دھوپ دیکر لے آوے اور کمر میں باندھے جبتک نہ کھولے منزل نہو **ایضاً** بیخ شہد یوے لاجونتی زمردی میان کیول بیسکر شہد اور روغن میں ملا کر ناف پر طلا کرے انزال نہو **فصل ہفتدہم** چوکی مُسریں میں چیک جائے سینچر کو درخت ارنڈ میں مولی کا دھاگا باندھ آوے اور کہہ آوے کہ جو میرے دل میں ہے انجام کو پہونچے اور پھر اتوار کو اوسکی لکڑی کو لاکر پیش از طلوع آفتاب اپنے پاس رکھے بشرطیکہ اپنا سایہ اوسپر نہ پڑے جسوقت کہ سگ مادہ وتر ہم صحبت ہوں اوس چوب آرنڈ کو آلت سگ پر مارے جو ٹکڑا کہ ہاتھ میں رہجاوے چارپائی یا چوکی میں یہہ کہکر چھلادے کہ جو اسپر بیٹھے بندھ جاوے اور نہ اوٹھ سکے بیٹھنے والا چپک جائیگا اور جب دوسرا ٹکڑا کہ زمین پر گر پڑا تھا چھلادے بیٹھنے والا کھل جائیگا

باب دوم بسی کرن اسمیں چھ فصلیں ہیں

فصل اوّل عوام کو مطیع کرنا اتوار کو بکھ نچھتر میں درخت بر کے ساتھ گھسکر قشقہ لگائے جو اوسکو دیکھے مطیع ہو دن کو زعفران صندل گوُ لوچن کافور بوٹی دیا ونتی سبکو سکر میں گھسکر قشقہ لگائے جو دیکھے مطیع ہو **ایضاً** ہست نچھتر میں بیخ چکروتی کو لا دھوپ دیپ دیکر دست راست میں باندھے جو دیکھے مطیع ہو **ایضاً** اتوار پوربا پھا لگنی نچھتر میں دانہ انار لاکر گوگل کی دھونی دیکر ہاتھ میں باندھے مطلوب مطیع ہو **ایضاً**

بیخ کٹائی سفید بیخ رتل سفید اتوار کو پکھ نچھتر میں دو گھڑی رات رہے لاوے تاکہ اوسپر سایہ نہ پڑے بلکہ برہنہ ہو کر گوگل کی دھونی دیکر تعویذ بنائے سونے یا چاندی میں رکھے مطلوب مطیع ہو

فصل دوم مرد عورت کو مطیع کرے زہرہ جانور کو تیل عرق چکروتی اور مشک میں ملا کر جب بنائے جس عورت کو کھلائے مال و تن سے حاضر ہو **ایضاً** بیخ آک سفید مسکہ خون گو سفند سبکو ملا کر آنکھ میں لگائے عورت مطیع ہو **ایضاً** تخم دھتورہ ۳ عدد اندر جو ۱۶ دندان مادہ گاؤ نر و دندان انسان سبکو پیسکر قشقہ لگائے عورت مطیع ہو **ایضاً** دھتورہ سیاہ پکھ نچھتر میں بار بھرنی میں چوب کنی نچھتر میں برگ اوس کے ہست نچھتر میں بار او بھرنی میں بیخ اور ساون نچھتر میں لاکر کافور زعفران گو لوچن ملا کر خوب گھلے اور قشقہ کھینچے عورت مطیع ہو **ایضاً** اتوار کو پکھ نچھتر میں بیخ اندر بانی لاکر زنجبیل فلفل پیپل شیر گاؤ میں گھسکر گولی بناوے اور اس گولی کو صندل میں گھسکر قشقہ کھینچے عورت مطیع ہو **ایضاً** سلاجیت زعفران گو لوچن سبکو گھسکر خواہ عورت خواہ مرد جو قشقہ لگائے محبت بہت ہو اور راجہ کی محفل جلد مطیع ہو **ایضاً** کنول کٹہ صندل گو لوچن برابر سبکو لیکر اتوار اور منگل کو گھسکر قشقہ لگائے عورت مطیع ہو **ایضاً** اتوار پکھ نچھتر میں درخت چنبلی کو نیوتہ دے اور منگل کے روز اوسکی لکڑی لاکر خشک کرے اور سفوف بنائے الائچی جائیفل لونگ کے ساتھ شیر آک میں گھسکر گولی بنائے اور جسکو کھلائے وہ اختیار میں ہو جائے **ایضاً** ہرتال دھتورہ پوست مورسکھا غائط فاختہ غائط مرغ سفید رتل سفید دودھ دہی ان سبکو اتوار پکھ نچھتر میں پیسکر اگر پیشانی پر لگائے مطلوب پر قابض ہو بلکہ مطلوب اوسکے ہمراہ رہے اور پیچھا نہ چھوڑے جسوقت دودھ سے نہائے اوسوقت ہمراہی سے باز رہے اگر ان سب چیزوں کو پوٹلی میں رکھکر بھیڑئے کی گردن میں باندھ دے تو بھیڑیا اپنا گلہ چھوڑکر اوسکے ہمراہ چلے **ایضاً** عورت کے پائے چپ کی خاک اور مرد کے پائے راست کی خاک اور جو راہے کی خاک اتوار کی شام کو یک جا کر کے گوگل کی دھوپ دیکر

جس عورت اور مرد کے سر پر ڈالے اونکے درمیان اتفاق ہوجائے **فصل سوم**
عورت مرد کو مطیع کرے گل چنبیلی تیل سرشف کو بوٹی کام ونتی کے ساتھ جوش دیکر اپنی پیشانی
پر قشقہ کھینچے جس مرد کی نظر اوس پر پڑے مطیع ہو **ایضاً** دیودار کا فور بوٹی لاجونتی سیاہ
کے ساتھ پیسکر ماتھے پر قشقہ کھینچے مرد مطیع ہو **ایضاً** ہینگ نمک کنجد سیاہ ۷ دانہ ماش
روغن آنکول میں گھسکر ماتھے پر قشقہ کھینچے مرد راغب ہو **ایضاً** سرشف سفید وگل دارد بیخ
و برگ و چوب اناران سبکو روغن آنکول میں حل کرکے پیشانی پر قشقہ کھینچے مرد قابض ہو **ایضاً**
گوشت لوم وگوشت زاغ گوروچن زعفران اتوار پکھ پنچھر میں لاوے اور پوٹلی باندھکر اپنے پاس رکھے
مرد فریفتہ ہو **ایضاً** آب دہان وچرک خرگوش وعرق لاجونتی سیاہ ان سبکو باہم ملاکر مرد کو کھلاوے
مرد عاشق ہوجاوے **ایضاً** اگر روز اتوار پکھ پنچھر میں تر نفل وچرک خر مرد کو کھلاوے مرد مطیع ہو **ایضاً**
خاکستر مسان گوروچن صندل سرخ الائچی کافور ان سبکو کوٹ کر سفوف بناوے اور پارچہ سفید میں
پوٹلی بنا کر اپنے پاس رکھے اور بعد تین روز کے نکال کے سایہ میں خشک کرکے قدرے
مرد کو کھلاوے مرد مطیع ہو **فصل چہارم** ہاتھی کو مطیع کرنا اوترا پھالگنی پنچھر میں اتوار
کے روز پیپل کا پھل لاوے اور گوگل کی دھونی دیکر اپنے ہاتھ میں باندھے مست ہاتھی
اوسکا مطیع ہو۔ **ایضاً** اتوار بھرنی پنچھر میں الولہ کا پھل لاوے اور گوگل کی دھوپ دیکر ہاتھ
میں باندھے ہاتھی مطیع ہو **ایضاً** منگل روہنی پنچھر میں لیموں لاوے اور بدستور دھونی دیکر اگر
ہاتھی کے گلے میں پہناوے ہاتھی بالکل قابو میں ہوجاوے **فصل پنجم** مطلوب یا
کسی شخص کا جبراً گھر سے بلا لینا اتوار اشلیکھا پنچھر میں پست درخت ارجن
لاوے اور بول ہزار میں گھسکر سایہ میں خشک کرے اور اوسکا سفوف جسکی
پیشانی پر ڈالدے وہ شخص خواہ عورت ہو خواہ مرد دوڑتا ہوا چلا آوے **ایضاً** خاک
پائے مطلوبہ لاکر خون کرکلاں میں لاکر زمین پر ایک تصویر کھینچے اور اوسکے روبرو
ہر روز صبح وشام پیشاب کرتا رہے اگر مطلوب سو کوس پر ہو

چلا آوے فصل ششم عورت کو برہنہ کر دینا گل بیچوا اتوار کچھ بچھتر میں لاوے اور سفید کپڑے میں روغن انکول کے ساتھ ملا کر ملے اور فتیلہ بنا کر روشن کرے جو عورت اوس روشنی میں آوے خود بخود برہنہ ہو جائے ایضاً زلو مردہ کو اتوار بھرنی بچھتر میں لاوے اور روغن انکول کے ساتھ فتیلہ بنائے جو عورت اوسکی روشنی میں نکلے برہنہ ہو جائے ایضاً منگل سوائی بچھتر میں گرد باد کی خاک لائے اور بادہ خرد بزکی دم کے بال ان سبکو یکجا کر کے جس عورت یا مرد کے سر پر ڈالدے وہ برہنہ ہو جائے اور کپڑے اوتار کر پھینکدے ایضاً بروز اتوار کچھ بچھتر موئے دم خرلاوے و کنا خوردہ شغال جو اونکے غائط سے برآمد ہوں اون گھسلیو میں سوراخ کر کے موئے خر میں پرو دے اور سمرن بنا کر ہاتھ میں رکھے جسوقت کسی عورت کو دکھاوے اور ہاتھ اونچا کر کے کپڑے عورت کے اوسیقدر اونچے ہو جائیں اور جب ہاتھ نیچا کرے پارچہ نیچے ہو جائیں۔

باب سوم قوت باہ و امساک وغیرہ میں جسمیں دس فصلیں ہیں

فصل اول قوت باہ و امساک میں تنج الائچی مصری روغن بادہ گاؤ شہد ان سب ادویات کو ہموزن لیکر دودھ کے ہمراہ وقت شب کھائے قوت زیادہ ہو ایضاً خارخسک تخم کونچ ہموزن لیکر کوٹ چھانکر شکر ملا کر دودھ کے ساتھ کھائے فائدہ زیادہ ہو ایضاً پیل نمک سنگ شیر گو سفند روغن زرد ان سبکو مخلوط کرے وقت شب کھائے قوت امساک زیادہ ہو ایضاً سیما گو گھر دہر دو ہموزن عرق کنار یا عرق انکول میں تین روز کھرل کرے اور گولیاں بنائے اور گوشت تازہ گوسفند میں ایک روز رکھکر روغن کنجد میں پکائے جسوقت گوشت سرخ ہو جائے پارہ اور گندھک کو نکال کر موصلی سیاہ کو جوش دیکر تین روز اوسکے عرق میں کھرل کرے اور چھوٹی شیشی میں رکھکر بالو میں تین روز تک چھپا رکھے پھر شیشی کو نکالکر دن آخر کو بقدر دو سرخ برگ تنبول میں رکھکر کھائے نہایت قوت ہو ایضاً خارخسک تخم کونچ شہد میں ملا کر عضو پر طلا کرے نہایت امساک ہو ایضاً پارہ گندھک طلائی کشتہ روپ رس ہموزن شیر و جغرات و روغن زرد شہد میں ملا کر تمام روز کھرل کر کے

اور پاتال جنتر میں نکالے بعدہ نکالکر کنار صحرائی کے برابر دودھ اور دہی میں ملاکر گولی
بنائے جسوقت کھائے اوسکا لطف دیکھے **ایضاً** بنولہ ستالہ ورکیلہ سنبل الطیب ہموزن
لیکر مصری داخل کرکے شہد میں ملاکر کھائے اور دودھ پیئے اوسوقت قوت کی کیفیت دیکھے
فصل دوم درازی عضو شیرۂ دھتورہ بیخ اسگند مسکہ گاؤمیش۔ مارسبکو ملاکر
عضو پر طلا کرے **ایضاً** سیماب بیخ کٹائی اسگند کنجد سیاہ شہد نمک سنگ شرشف سفید
پیپل سبکو کوٹ کر پانی میں گھسکر طلا کرے **ایضاً** اسگند ستاور روغن انکول سبکو روغن کنجد میں
جوش دے اور ہر روز طلا کرے اوسوقت درازی و فربہی کا لطف دیکھے **ایضاً** ہوصلی سیاہ
و سفید کوٹکر مسکہ گاؤمیش میں ملاکر کسی برتن میں رکھے اور گیہوں کی کھلیاں میں دفن کرے
سہاٹ روز بعد نکالے اور سات روز تک طلا کرے **ایضاً** پیپل فلفل شکر نری برابر لیکر شہد
میں ملاکر ایک ماہ تک طلا کرے دراز اور فربہ ہو **ایضاً** روغن گاؤمیش برابر روغن انکول
میں ملاکر سات روز تک ملے نہایت طویل ہو **ایضاً** ہلیلہ اسگند ستاور روغن کنجد میں
پکاکر طلا کرے **فصل سوم** عورت پہلے فارغ ہو گل متڈی کافور و روغن انکول میں
ملاکر مرد اپنے عضو پر طلا کرے صحبت کرے عورت منزل ہو **ایضاً** شہد و سلاجیت
ان سب کو ملاکر طلا کرے **ایضاً** کپور۔ سہاگا۔ پیپل زمین قند روغن انکول
میں ملاکر طلا کرے **ایضاً** گل چنبیلی برگ چنبیلی شرشف سفید مجیٹھ لعاب۔ دہان اسپ
سبکو ملاکر طلا کرے عورت نہایت خوش ہو اور فارغ ہو **ایضاً** کافور سیماب۔ دھتورہ
شہد غائط گدھ یعنے زعفران سبکو گھسکر عضو پر طلا کرے **ایضاً** سہاگا شہد کافور
سیماب صندل سفید گھسکر طلا کرے بروقت صحبت عورت فارغ ہو **ایضاً** بیخ وسمر کٹائی
لونگ پیپل شہد گوکھرو سبکو گھسکر طلا کرے بدستور لطف حاصل ہو **ایضاً** سیرۂ درخت
چنبیلی شہد کافور سبکو گھسکر طلا کرے **ایضاً** بخال کبوتر صحرائی نمک سنگ شہد
سبکو ملاکر طلا کرے **ایضاً** کسیس سلاجیت زعفران شہد سبکو ملاکر

طلا کرے عورت مطیع ہو **ایضاً** تخم آک کا فور سہاگا پیپل شیرۂ برگ اگست شیرۂ برگ دھتورہ شہد ملا کر اگر طلا کرے عورت بروقت صحبت خط غلامی لکھدے **ایضاً** سیماب سہاگا برگ دھتورہ کافور برگ اگست روغن زرد میں ملا کر طلا کرے **ایضاً** گل کو کنار ادرک گندھک خردل خار کژدم ہموزن روز اتوار بکھ پنچھتر میں لاوے اور پختہ لیموں میں بھرے جس عورت کو کھلاوے منزل ہو **فصل چہارم** در تنگی عضو زنان گل نیلوفر شیر و روغن مادہ گاؤ میں گھسکر مقام مخصوص پر طلا کرے **ایضاً** پوست بیخ کٹکی روغن انکول میں ملا کر طلا کرے **ایضاً** بیخ کپاس کو پانی میں جوش دیکر مقام مخصوص دھووے **ایضاً** دوغ مادہ گاؤ سے اگر سات روز تک دھووے تنگ ہو بیخ نیم پانی میں جوش دے اور چند روز تک دھووے **ایضاً** مازو کسیس پھٹکری آملہ سپاری پیپل مردار سنگ کٹکی سبکو سفوف کرے اور کچھ خوشبودار چیز مثل مشک وغیرہ شامل کرکے عضو مخصوص میں ڈالے اگر پانی بہت ہو خشک کرے تو تنگی حاصل ہو اگر عورت ضعیف ہو جوان کی کیفیت میسر ہو **فصل پنجم** در بستن عضو مخصوص اتوار بکھ پنچھتر میں روغن انکول لاوے اور خاک پائے زن شامل کرکے عضو مخصوص پر طلا کرے بند ہو اگر دوغ مادہ گاؤ سے دھووے کشادہ ہو **ایضاً** خاک پائے عورت لیکر کفن مردہ کے کپڑے میں بکھ پنچھتر اتوار کے روز پوٹلی باندھے اور عضو مخصوص میں رکھے بند ہو اگر دودھ سے دھووے کشادہ ہو **فصل ششم** بانجھ عورت کا علاج سفوف ناگ کیسر روغن مادہ گاؤ ملا کر کھائے اور بعدہٗ شیر مادہ گاؤ پیئے صحبت مرد سے حاملہ ہو **ایضاً** روز حیض سے تیرہ روز تک ادویات ذیل کا استعمال کرے نسوت سونٹھ ہموزن دونوں کو سفوف کرکے کھائے اور شیر مادہ گاؤ پیئے اور چاول کھائے فصل الٰہی سے حاملہ ہو **فصل ہفتم** علاج دردزہ کے بیان میں ہینگ نمک سنگ دو دو کو ملا کر حواش دیکے کھائے حکم خدا سے بچہ پیدا ہو **ایضاً** بیخ دھتورہ کو گوگل کی دھوپ دیکر کمر میں باندھے خلاصی ہو لا علاج دہنی کہ گوگل کی دھوپ دیکر کمر میں باندھے خلاصی ہو **فصل ہشتم** در منع اسقاط حمل - شہد

کنجد سفید سبکو ملا کر کھائے حمل اسقاط نہو ایضاً کھار کے چاک کی مٹی روغن زرد شہد مصری ہموزن ملا کر کھائے اسقاط نہو ایضاً لوئی لاج ونتی سیاہ اگر روغن انکول میں ترکر کے کھائے اسقاط حمل نہو **فصل نہم** اون ادویات کے بیان میں جس سے عضو زن کا بند ہو جائے بیخ کانس کو چانول کے پانی میں پیس کر کھالے خون بند ہو ایضاً فلفل آرد برنج ساٹھی مصری شہد سبکو ملا کر کھائے خون بند ہو **فصل دہم** خون جاری ہو تا بیخ مایہ دنتی روغن گل میں ترکر کے اگر عورت کو کھلائے خون بے وقت جاری ہو اور جب دودھ پانی پی لے خون بند ہو ایضاً اگر بیخ رودر دنتی عورت کو کھلائے خون جاری ہو جب وقت دوغ مادہ گاؤ پیئے صحت پاوے۔

باب چہارم خضاب وغیرہ کی ترکیب جسمیں پانچ فصلیں ہیں

فصل اول خضاب کے بیان میں ہلیلہ بلیلہ آملہ ہموزن لیکر بول گوسفند میں پیسے اور تمام روز خضاب بندھا رکھے ایضاً پوست بیخ رتل دیودار شیرہ بھنگرہ میں ایک روز تر رکھے اور چہار چند روغن کنجد لیکر کسی آہنی برتن میں گرم کرے اور ادویات بالا کو اوسمیں چھوڑ دے جب خوب جوش کھائے اور چہارم روغن باقی رہجائے تب بالوں پر ملے بال سیاہ ہوں ایضاً اول بالوں پر برگ آرنڈ باندھے اور ایسی جگہہ بیٹھے کہ ہوا نہ پہونچے بعدہ برگ آرنڈ کھول ڈالے اور روغن انکول ملے حکم خدا سے کبھی بال سفید نہوں ایضاً تر پھلہ کو شیرہ بھنگرہ کے ساتھ آہنی برتن میں حل کر کے اکیس روز تک صبح کے وقت بالوں پر باندھے کبھی بال سفید نہوں گے ایضاً پوست ہلیلہ زنگی پوست انار رتل بھلانواں ضمع عربی کتیرہ مازو ایک صدف بھنگرا سبکو آہنی برتن میں رکھے اور گربھر زمیں کھود کر گھوڑے کی لید بھرے اور اوسمیں اس برتن کو سات روز تک دفن کرے بعد ازاں برآورد دوسری جگہہ پر چونسٹھ روز تک دفن رکھے تیسری مرتبہ اکیس روز تک دفن رکھے بعدہ روغن کنجد کے ساتھ جوش دے جب نصف روغن

رہجائے تو اوس تیل کو بالوں پر ملے اور منہ میں چانول رکھے جسوقت چانول سیاہ ہوجاویں بالوں کو میٹھے تیل سے دھوئیں بہت مدت تک بال سفید نہوں **فصل دوم** بال بڑھانے کی ترکیب پھلہ ریٹھے شیرۂ بھنگرالاوے اور روغن کنجد کو آگ پر جوش دے اور ادویات بالا اونمیں چھوڑدے جسوقت صرف تیل باقی رہجاوے استعمال کرے اگر چند روز تک یہی عمل کرے بال بڑھ جائیں **فصل سوم** بال پیدا کرنیکی ترکیب ہاتھی دانت کو جلاوے اور رسوت شیرمیش کے ساتھ گھسکر لگاوے بال پیدا ہوں **ایضاً** بیخ رور دنتی ولاج دنتی اگر پیس کر لگاوے بال بہت جلد پیدا ہوں **فصل چہارم** بال دور کرنیکی ترکیب ہڑتال چونا گندھک سبکو پیسکر ملے اور تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھے بال دور ہوں **ایضاً** گندھک چونا ہڑتال ہموزن لیکر گھوڑیکے پیشاب میں پیسے اور لگائے بال دور ہوں **ایضاً** ہڑتال سنکھ دونوں کو گھسکر بالوں پر ملے **ایضاً** بھلاتوان جواکھار سنکھ ہڑتال سبکو روغن کنجد میں لپکا کر لگاوے بال دور ہوں **فصل پنجم** بال سفید کرنے کی ترکیب عرق بوٹی بن باسنی جو خاص جنگلوں میں پیدا ہوتی ہے اگر بالوں پر لگاوے بال سفید ہوں۔

باب پنجم صفائی قلزات اور آبداری کے بیان میں جسمیں تین فصلین ہین

فصل اوّل صفائی ہڑتال ہڑتال کو عرق میٹھا اور آب اُہک میں لگائے اور تیل میں سرد کرے فی الفور صاف ہوجائے **فصل دوم** صاف کرانے کے بیان مین کسیس کو عرق بھنگرا اور روغن اٹکول میں پکائے اور بدستور تیل میں سرد کرے **فصل سوم** ہتھیار پر آبداری دینے کے بیان میں بکری کی کھال جلاکر نمک سنگ شامل کرکے ہتھیار پر ملے اور آگ پر گرم کرکے بول گوسفند میں بجھائے۔

باب ششم جانوران موذی کے دفع کرنیکے بیان مین جسمین تین فصلین ہیں

فصل اوّل چوہوں کا دور کرنا بول غائط گوسفند لاوے اور سب کو پیسکر ایک زندہ چوہے کے بدن پر ملے اور اوسکو چھوڑدے انشاء اللہ تعالےٰ سب چوہے

گھر سے بھاگ جائینگے **ایضاً** غائط گربہ ہرتال ہموزن پیسکر ایک چوہے کے بدن پر ملے اور چھوڑ دے اوسکی بو سے سب چوہے بھاگ جائینگے **ایضاً** گندھک ہرتال سونٹھ فلفل پیپل ایک چوہے کے بدن پر ملکر چھوڑ دے سب چوہے، دور ہو جائینگے

فصل دوم کھٹمل دور کرنیکے بیان میں اگر روغن انکول کو چارپائی کے پاؤں میں ملے کھٹمل دور ہوں **ایضاً** اگر روغن انکول اور عرق کٹکی ہموزن لیکر چارپائی میں ملے ایک کھٹمل باقی نہ رہیگا **فصل سوم** مچھر و کھٹمل و سانپ بچھو وغیرہ دور کرنے کے بیان میں بنولہ بھلاوا اوں بائے برنگ ترپھلہ گل آک بیخ انکول ان سبکو جلاکر تمام مکان میں دھواں دیں تو موذی جانور دفع ہوں۔

باب ہفتم طلسمات و شعبدات کے بیان میں جسمیں پندرہ فصلیں ہیں

فصل اول کپڑا آگ میں نہ جلے اگر عرق گھیکوار روغن انکول میں سات بار کپڑا تر کرکے سایہ میں خشک کرے اور آگ میں ڈالدے ہرگز نہ جلے گا **ایضاً** بیخ اونٹ کٹیلہ کے عرق میں اگر اکیس بار کپڑا تر کرکے سایہ میں سوکھاوے آگ میں نہ جلے گا **ایضاً** بیگن کو روغن انکول میں غوطا دے پھر سوت کو اوسی روغن میں تر کرکے بیگن پر لپیٹے اور آگ میں ڈالدے بیگن اور سوت دونوں نہ جلینگے **فصل دوم** آگ سر پر رکھے اور سر نہ جلے زنجبیل اور فلفل اور پیپل ان سب کا لعاب لے اور مرد کے پیشاب میں ملاکر سر پر ملے اور روغن انکول میں فتیلہ روشن کرکے سر پر رکھے ہرگز نہ جلے **فصل سوم** ہاتھ آگ میں نہ جلے عرق گھیکوار عرق بنگ دونوں کو ملاکر اکیس بار ہاتھ پر ملے اور سایہ میں خشک کرکے آگ میں ڈالدے ہرگز نہ جلے گا **ایضاً** روغن عرق سہ برگہ اگر دانتوں اور زبان پر ملے اور منہ میں چنگاریاں رکھے ہرگز نہ جلیگا

فصل چہارم درخت کے پتوں سے آگ نمودار ہو پوست پیپل کوٹ کر جلاکر کوئلہ بناوے اور ایک تھیلی میں بھرے اور ایک شاخ جہاں گنجان پتے ہوں

لٹکا کر آگ لگا دے ہر چیز سے آگ بنود ہو گی **فصل پنجم** گولی کا پانی تین چلنا گندھک آنولہ سار کپور غائط خرگوش گل دھتورہ چونا ہموزن لیکر گولی بنائے اور پانی میں ڈالدے گولی خود بخود چلنے لگے اور اوس گولی کو کپڑے پر رکھدو تو کپڑا نہ جلے۔ یہ رات کیوقت کا تماشا ہے **فصل ششم** پانی سے چراغ روشن کرنا رال کافور روغن انکول پانی میں ڈالدے اور اوس پانی کو بجائے روغن چراغ میں بھر کر بتی روشن کرے بتی گل نہو گی **فصل ہفتم** کوئلہ مثل بتی کے جلے اور روشن رہے عرق سہ برگی عرق گھیکوار روغن انگول کوئلے پر ملے برابر مثل چراغ کے روشن رہیگا **فصل ہشتم** روغن کڑاہی میں گرم نہو تیل بقدر یکدام کڑاہی میں ڈالکر بول گاؤ اور برگ انکول چھوڑ دے اور کڑاہی کے نیچے آگ روشن کرے ہرگز گرم نہو **فصل نہم** کپڑا پانی میں تر نہو برگ پوہ کا عرق نکالکر تین بار کپڑے کو اسمیں تر کرے اور خشک کر کے پانی میں ڈالے ہرگز تر نہو گا **فصل دہم** پانی تھالی میں نظر نہ آوے تھالی میں پانی بھرے اور روغن انکول سے چراغ جلا کر اوسکے بیچ میں رکھے اور اک کھڑے سے چراغ کو ڈھانپ دے پانی نظر نہ آئیگا **فصل یازدہم** پتھر چبا لینا۔ اگر پاکھان بھید اور بوٹی مایہ دبتی کو سنگ ریزہ پر ملکر چبائے تو کچھ دانتوں اور زبان کو نقصان نہو بلکہ مثل اشیائے خوردنی کے ملائم معلوم ہو **فصل دوازدہم** مردہ مچھلی کا جلانا تیل بھلاوا اور روغن انکول مردہ مچھلی پر ملے اور اوسکو پانی میں ڈالدے بعد ایک ساعت کے زندہ ہو **فصل سیزدہم** کچا برتن نہ ٹوٹے عرق گھیکوار اگر مٹی کے کچے برتن میں ملے اور اوسمیں پانی بھر دے ہرگز نہ ٹوٹے **فصل چہاردہم** عورت سے پانی کا گھڑا ٹوٹ جائے جب اتوار کو اماوس ہو اوسکے ایک روز بیشتر یعنے سنیچر کے روز دختر ناکتخدا کا کاتا ہوا سوت لاوے اور آنولہ پر لپیٹ کر تنہا رات کے وقت بیٹھے جسطرف ستارہ آسمان پر ٹوٹے اوسی طرف اوس آنولہ کو دفن کرے مثلاً اگر اوتر کی طرف ستارہ ٹوٹے تو اوتر کیطرف آنولہ دفن کرے دوسرے روز اتوار کی صبح کو آنولہ

نکالکر اوس سوت کو اپنے پاس رکھے اور کوئیں کے راستے میں جہاں سے آمد رفت ہو اوس تاگے کو ڈالدے جو عورت پانی لیکر اوس راستے سے نکلے گی اوسکا گھر اوٹ جائیگا

فصل پانزدہم ناریل کا ٹوٹا سیرہ آگ در روغن انکول ناریل پر ملے اور دھوپ میں رکھدے خود بخود ٹوٹ جائیگا۔

باب ہشتم غائب ہونیکے بیان میں جسمیں دو فصلیں ہیں۔

فصل اول نظر سے غائب ہو تاج روغن انکول میں سات روز تر رکھے بعد ازاں اتوار پکھ نچھتر میں تاج بطور تعویذ بازو پر باندھے وہ شخص کسیکو نظر نہ آوے گا **ایضاً** تیل انکول لاج دنتی سرشف سفیدان سبکو یکجا کرکے مسگل روہنی نچھتر میں گوگل کی دھونی دیکر بطور تعویذ پاس رکھے کسیکو نظر نہ آئیگا **ایضاً** شیر گاؤمیش سیاہ ہر تال روغن انکول ان سبکو بدن پر طلا کرے بدستور کیفیت حاصل ہو **ایضاً** پنجال کبوتری سفید روغن انکول ان دونوں کو گھسکر ماتھے پر قشقہ کھینچے نظر نہ آوے **ایضاً** بیخ جے جے دنتی بیخ کٹائی ان دونوں کو اتوار پکھ نچھتر میں لاوے اور شہد میں گولی بناکر منہ میں رکھے بدستور لطف حاصل ہو **ایضاً** بیخ رتل سفید بیخ کٹائی سفیدان دونوں کو روغن انکول میں گھسکر بارہ سفید کی بتی بنائے اور اتوار کو بوقت نصف شب مرگھٹ پر جاکر روغن کنجد سی چراغ جلائے اور کاسۂ سر یعنے مُردہ کی کھوپری میں کاجل پاوے جب اوس کاجل کو آنکھ میں لگائے نظر نہ آئیگا **فصل دوم** پستان زن غائب کرنے کے بیان میں گوشت سگ سیاہ گل سرس لاج دنتی ان سبکو ہاتھ میں لیکے عورت کو دکھائے اور مٹھی بند کرے پستان عورت غائب ہوں گے اور جسوقت مٹھی کھولدے گا پھر نمودار ہوں گے اگر اپنی دونو مٹھیاں بند کریگا تو دونو پستان غائب ہونگے اور اگر ایک مٹھی بند کریگا تو ایک **ایضاً** اتوار پکھ نچھتر میں کمھار کے آنویں کی مٹی اور شورہ لاوے اور دونوں کی جدا جدا گولیاں باندھے اور دختر ناکتخدا کا کاتا ہوا سوت دونوں پر لپیٹے اور دونوں

ہاتھوں پر لیکر عورت کو دکھا کر مٹھی بند کرے بدستور کیفیت ہوگی۔

باب نہم اس بیان میں کہ انسان مختلف شکلوں میں نظر آئے جسمیں پانچ فصلیں ہیں

فصل اول انسان بلی کی صورت نظر پڑے انوار کچھ تجھ میں مردہ کالی بلی کے منھ میں تخم ارنڈ ڈالے اور کسیقدر مٹی چھوڑ دے جب موسم برسات میں اوس سے درخت پیدا ہو تو ایک تخم لیکر جس کسیکے منھ میں کھووہ بلی کی صورت نظر آوے **فصل دوم** انسان بندر کی صورت نظر پڑے شغال مردہ کے منھ میں تخم بنگ ڈالکر دفن کرے جب موسم برسات میں درخت پیدا ہو ایک تخم اوسکا جو منھ میں رکھیگا مثل شغال نظر آئیگا **فصل سوم** انسان بشکل گاؤمیش نظر آوے اگر مردہ بھینسے کے منھ میں تخم بنگ ڈالے اور مذکورہ بالا عمل کرے وہی کیفیت حاصل ہو **فصل چہارم** انسان بندر کی صورت نظر آئے بندر کی کھوپری میں کالی مٹی ڈالکر تخم تل چھوڑ دے جسوقت درخت پیدا ہو گلے میں پہن لے بندر معلوم ہو **فصل پنجم** انسان کتے کی صورت نظر پڑے مردہ سیاہ کتے کے منھ میں تخم سن ڈالدے جب سن پیدا ہو تب اوسکا مالا بنا کر جسکے گلے میں ڈالے وہ کتے کی صورت نظر آئے

باب دہم سوال بغض اور عداوت کے بیان میں اسمیں چار فصلیں ہیں

فصل اول قاعدہ علوی انوار یا منگل ست بھیکھا یا کچھ تجھ میں زہ کوے اور الو اور چیل ان تینوں جانوروں کے پروں کو اوسکے بالوں میں باندھے کہ جس سے عداوت کروانا منظور ہو اور بسار ہے تین گرہ ادن پروں کی دیوے اور چراہے بخیتہ کی خاک لاکر ایک چتورہ سا بناوے اور ان پروں کو اوس چتورہ پر یہ منتر یعنے قہر العدو وائی ولی مظہر العجائب مرتضے علی پڑھ پڑھ کے اوسکو جلاوے اور وہ خاک اون دونوں کے درمیان ڈالدے تو نفاق پیدا ہوگا **فصل دوم** منتر ہرشفت وبھنگرا و اون وصندل سفید ان چاروں کو اپنے آپکو یہ منتر پڑھ کے پھونکے ونگ ترا ونگ سواہا اور وہ خاک دشمن کے درمیان میں ڈالدے دونوں میں بغض و عداوت پیدا ہو **ایضاً**

بروز اتوار یا منگل ماہ بھادوں میں جو کہ اندھیاری چودس ہوتی ہے اوس دن برہنہ
جاکر مرگھٹ کی خاک لاوے لیکن اپنی حفاظت کیواسطے یہ حصار بھی پڑھ لے جل باندھوں
جل دھار باندھوں باندھوں اپنا جیو اور وہ خاک اس منتر کو پڑھ کے اونکے درمیان
میں چھوڑ دے تو اونمیں نفاق پیدا ہوگا اور وہ منتر یہ ہے بھرانگ بھرنیگ بھنگ
سوا ہا ایضاً سیاہ ماش اور سیاہ سرسوں اور سیاہ تل ان سبکو آخیر ماہ یا قمر در عقرب میں طاق
طاق لاوے اور گوگل کی دھونی دیکر اوں کو اوٹھا رکھے بروقت بارش مگھا کے ان تینوں
اشیاء کو مینڈھک کے منھ میں بووے جب دانہ پیدا ہوں تو اون دانونمیں سے
طاق طاق لیکے یہ منتر پڑھے ٹاٹ کی پٹی مونج کا باندھا کاس کی ناگنی پاتال کا ناگ
اور اونکے درمیان میں ڈالدے بغض وعداوت پیدا ہوگی ایضاً اتوار یا منگل پتی
کروبجی اور پتی سیوہڑہ اور پتی انجیر اور پتی دھتورے کی ان چاروں کو لاکر ایکجا کرے
اور خاک پاے دشمن اور چند بال اوسکے لاوے اور اس خاک کا ایک چبوترا بناوے
اور چاروں کونوں پر یعنی جانب پورب لکھے دیوت اور دوسرے کونے پر یعنے
پچھم کیطرف لکھے یاسیا اور تیسرے کونے پر یعنے اوتر کیطرف لکھے یا مجروح اور
چوتھے کونے پر یعنے دکھن کیطرف لکھے یا علی ان چاروں کونوں پر لکھکر اوسی
چبوترے پر اون تینوں کو رکھ کے پھوک دے اور وہ خاک دشمن کے درمیان
میں ڈالدے تو نفاق ہوگا ایضاً اتوار یا منگل کچھ پنچھتر میں اندھیارے پاکھ کی
چودس یا اماوس کو دو پونچھ کی چھپکلی لاوے اور اوسکی پونچھوں میں کنواری
کنیا کا کاتا ہوا سوت لپیٹے کہ تمام پونچھ اوسکی چھپ جاے اور ایک بڑا مگرا جسکی آٹھ یا نو ناگیں
ہوں لاکر اس منتر سے پھونکے جل بل تھل سنوایا اور اوس خاک کے درمیان
میں ڈالدے تو بغض وعداوت پیدا ہو **فصل سوم** منتر پڑھنے کی اندھیاری
پاکھ چودس تاریخ ۲۴ یا ۲۵ کونیم دھتورہ کا لا اور نیم کنوجہ اور نیم انجیراں

تینوں لکڑیوں کو منگل یا اتوار کے روز پھونکے اور اوسکی خاک ان دونوں کے درمیان میں ڈالدے بغض اور عداوت پیدا ہوجاوے **ایضاً** اتوار یا منگل کرتلکا پنجھتر میں چوب انار ترش اور چوب بیری اور چوب ترنج یعنے لیموں کی لکڑی ان تینوں لکڑیوں کو ببول کے درخت کے بیچ میں دفن کرآوے اور نیوتا دے آوے کہ آئندہ کرتلکا پنجھتر میں واسطے عداوت فلاں شخص کے ہم لیجائینگے۔ غرض پھر وہاں سے اون لکڑیوں کو لاکر بھیڑ کے غلیظ میں رکھکر پھونکدے جب خاک ہوجائے تو وہی اون دونوں کے درمیان میں ڈالدے عداوت دلی پیدا ہوگی **فصل چہارم** قاعدہ شیطانی اتوار یا منگل اندھیاری چودس یا اماوس کو کچھ پنجھتر میں خار مغیلان اور خار زقوم اور خار درخت بیری اور خار درخت ہاتھی جنگھاڑاں چاروں کانٹوں کو خانۂ دشمن سے مس کرلاوے اور ہر کانٹے کو آگ پر گرو تا جائے اور نیمسکام نام بھی لیتا جائے جب وہ چاروں کانٹے جل جائیں تو مع آگ اور راکھ اور اُن کانٹوں کے بہہ منتر پڑھ کے آکھ آکھ آکھ سوا ہاتھ پانی میں بجھاوے اور وہ راکھ اون دونوں کے درمیان میں ڈالدے لڑائی ہونے لگے گی فقط

ہماری ضروری التماس!

صاحبان! یہ کتب خانہ ۱۸۵۶ء سے جاری ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے روز افزوں ترقی پر ہے۔ اس کتب خانہ میں ہر علم و فن کی کتابوں کا کافی ذخیرہ فروخت کے لئے موجود ہے نیز ہر قسم کے قرآن مجید حمائلیں سپارے نجبورے کتب ادعیہ و طائف معمولہ و متعلقہ ہم سے بارعایت مل سکتی ہیں جن صاحب کو ضرورت ہو قیمت بیشگی بھیجکر یا بذریعہ وی پی منگوالیں۔ تاجروں سے خاص رعایت کیجاتی ہے۔

المشتہر حاجی سراج الدین سراج الدین اینڈ سنز کتب فروش لاہور